تنظیمِ اسلامی کا پیغام — خلافتِ راشدہ کا نظام

بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ — امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے' ماڈل ٹائون لاہور' فون: 042-35869501' ای میل: media@tanzeem.org

17نومبر2024ء

پریس ریلیز

باطل کی جنگ درحقیقت اللہ سے ہے، اللہ چاہتا ہے کہ اس کے بندے یہ فریضہ سرانجام دیں۔(شجاع الدین شیخ)

اسرائیل کا اصل توڑ اسلامی ایٹمی پاکستان ہے۔(خورشید انجم)

مسئلہ فلسطین کے تناظر میں تنظیم اسلامی وانجمانانِ خدام القرآن کے زیر اہتمام ملک بھر کی مساجد میں قنوت نازلہ کا سلسلہ جاری ہے۔(ڈاکٹر سید عطاء الرحمن عارف)

لاہور(پ ر): تنظیم اسلامی کا کُل پاکستان سالانہ اجتماع مرکزی اجتماع گاہ بہاولپور میں نئے رفقاء کے لیے بیعت مسنونہ اور اجتماعی دعا کے ساتھ اختتام پزیر ہوا۔ اپنے اختتامی خطاب میں امیرِ تنظیم اسلامی **شجاع الدین شیخ** نے کہا کہ باطل کی جنگ درحقیقت اللہ سے ہے، اللہ چاہتا ہے کہ اس کے بندے یہ فریضہ سرانجام دیں۔ حاضرین اجتماع اور ان کے اہل خانہ کے لیے سورہ مومن کی آیات 7، 8 اور 9 کو بطور تحفہ پیش کرتے انہوں نے کہا کہ ان آیات میں بہترین دعائیں بیان کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حاضرین اللہ تعالیٰ سے تعلق کو مضبوط کریں، اللہ ہی سے مدد مانگیں، فکرِ آخرت کریں، داعی الی اللہ بنیں، قرآن سے خود جڑنے کے بعد دوسروں کو بھی جوڑیں، اور دینی اجتماعیت کو ترجیح دیں۔

اجتماع کے دوسرے روز نمازِ فجر کے بعد حلقہ لاہور شرقی تنظیم کے ناظم دعوت **شہباز احمد شیخ** نے سورۃ الشوریٰ کی آیت 13 کی روشنی میں درسِ قرآن دیا۔ بعد ازاں معاون شعبہ تعلیم و تربیت **مولانا خان بہادر** نے ”نظام خلافت کی شرعی حیثیت“ کے موضوع پر خطاب کیا۔ **قاری بلال** نے اپنے خطاب میں ”استماع الی القرآن“ کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ نماز ظہر سے قبل بانی تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمدؒ کی ویڈیو سے حاضرین کی روحوں کو گرمایا گیا۔ نمازِ عصر کے بعد معاون شعبہ تعلیم و تربیت **مجاہد امین** نے ”دنیا سے نہ لپٹو، آخرت کے طالب بنو“ کے حوالے سے حدیث کا مطالعہ پیش کیا۔ بعد ازاں امیر تنظیم اسلامی کے مشیر خصوصی اور سینئر رہنما تنظیم اسلامی **ڈاکٹر عبدالسمیع** نے ”فکر اقبال: ابلیس کی مجلس شوری کی روشنی میں“ کے موضوع پر گفتگو کی۔ نمازِ مغرب سے قبل مرکزی ناظم شعبہ سمع و بصر اور سوشل میڈیا **آصف حمید** نے ”سوشل میڈیا کا دعوتی، تحریکی اور انقلابی نقطۂ نظر سے استعمال“ کے موضوع پر گفتگو کی۔ اس کے بعد امراء و نقباء نے اپنے

دعوتی اور تنظیمی تجربات بیان کیے۔ نمازِ عشاء سے قبل خصوصی نشست ”امیر سے ملاقات“ کا انعقاد کیا گیا جس میں امیر تنظیم اسلامی **شجاع الدین شیخ** نے رفقاء کے سوالات کے جوابات دیے۔

اجلاس کے تیسرے دن کا آغاز نمازِ فجر کے فوراً بعد درس قرآن پاک سے ہوا۔ **شوکت اللہ شاکر** نے سورۃ التوبہ کی آیت 24 کے حوالے سے گفتگو کی۔ناشتہ کے وقفہ کے بعد " تنظیم اسلامی کا نظام تربیت و دعوت " کے عنوان سے پینل گفتگو میں معاون خصوصی برائے مرکزی ناظم تعلیم وتربیت **شیر افگن**، کراچی کے سینئر رفیقِ تنظیم **عامر خان**،ناظم دعوت حلقہ کراچی جنوبی اور ناظم تربیت حلقہ اسلام آباد **عامر نوید** نے رفقاء کی تربیت کے حوالے سے بات چیت کی۔ بعد ازاں نائب ناظم اعلی جنوبی پاکستان **سیّد نعمان اختر** نے " پاکستان میں تبدیلی کے ممکنہ مناہج" کے موضوع پر تفصیلی گفتگو کی۔ مرکزی ناظم نشر و اشاعت اور تعلیم وتربیت **خورشید انجم** نے "القدس پکار رہا ہے " کے موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں اہلِ غزہ پر مسلسل اسرائیلی مظالم کے حوالے سے جتنا مسلسل کام تنظیم اسلامی نے کیا ہے، کسی دوسری جماعت نے نہیں کیا اور حماس کے ترجمان ڈاکٹر خالد قدومی نے اس کو سراہا ہے۔ ہمارے بعض دانشور تو یہ اعتراض کرتے ہیں کہ حماس کو یہ محاذ چھیڑنے کی کیا ضرورت تھی جبکہ آج تک کسی بھی فلسطینی نے ایسا سوال نہیں اٹھایا بلکہ وہ پوری تندہی کے ساتھ صہیونی فوج کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ اب اسرائیل اس جنگ کو پھیلا رہا ہے۔ بہر حال ہمیں اپنے حصے کا کام کرنا ہے۔ اسرائیل کا اصل توڑ اسلامی ایٹمی پاکستان ہے۔ اسرائیل جانتا ہے کہ پاکستان اس کے لئے خطرہ ہے جبکہ پاکستان یہ چاہتا ہے کہ وہ باطل کے لیے خطرہ نہ بنے۔

بعد ازاں صدر مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور **ڈاکٹر عارف رشید** نے **ناظمہ علیا** کا پیغام پڑھ کر سنایا۔

ناظم اعلی تنظیم اسلامی پاکستان **ڈاکٹر سید عطاء الرحمن عارف** نے " قافلہ تنظیم اسلامی، منزل بہ منزل" کے عنوان سے تنظیم کی پیش رفت پر تفصیلی گفتگو کی۔ انہوں نے بتایا کہ مسئلہ فلسطین کے تناظر میں تنظیم اسلامی وانجمانانِ خدام القرآن کے زیر اہتمام ملک بھر کی مساجد میں قنوت نازلہ کا سلسلہ جاری ہے۔ ہفت روزہ ندائے خلافت کے ہر شمارہ میں کم از کم ایک صفحہ قضیہ فلسطین کے لئے مخصوص کیا گیا ہے۔

آخر میں نئے رفقاء سے بعیت مسنونہ کے بعد اجتماعی دعا ہوئی۔

جاری کردہ

رضاءالحق

نائب ناظم نشر و اشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان